سوال

سالی کے ساتھ زنا پر بیوی کیساتھ طلاق واقع ہوجاتا ہے یا نہیں

جواب

سالی کے ساتھ زنا سے بیوی کی زوجیت کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا سالی کے ساتھ زنا کرنے سے بیوی کو طلاق ہو جاتی ہے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! زنا ایک شنیع اور قبیح ترین جرم ہے۔ اس کے مرتکب کو اللہ تعالی سے توبہ کرنی چاہئے اور اپنے اس گناہ پر خلوص نیت سے معافی مانگنی چاہئے۔ لیکن سالی کے ساتھ زنا سے بیوی کو طلاق واقع نہیں ہوتی ہے۔ کیونکہ کسی بھی حرام فعل کے ارتکاب سے کوئی حلال فعل حرام نہیں ہوتا ہے۔ نبی کریم نے فرمایا: «لایحرم الحرام الحلال» سنن ابن ماجہ» کتاب النکاح» باب لایحرم الحرام الحلال (2015) حرام کام کسی حلال کو حرام نہیں کرتا ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی